جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

وفاق المدارس العربیہ اور کراچی کے جید علماء علماء کرام اور مہتممین حضرات کی دارالعلوم آمد: ۲۷ راپریل کو بعد از نماز مغرب کو پاکستان اور کراچی کے ممتاز علماء کرام کا ایک نمائندہ وفد حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملک اور خصوصاً سوات وصوبہ سرحد کو درپیش صورتحال کے بارے میں تفصیلی ملاقات کے لئے تشریف لایا۔ اس وفد کی سربراہی شیخ الحدیث صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان ومہتمم جامعہ فاروقیہ حضرت مولانا اسیم اللہ خان صاحب کررہے تھے۔ معزز وفد کے دیگر اراکین میں دارالعلوم کراچی کے مہتمم اور مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہ' جامعہ دارالخیر کے مہتمم اور عظیم روحانی شخصیت شیخ الحدیث حضرت مولانا اسفندریار صاحب مدظلہ' جامعہ اشرفیہ سکھر کے مہتمم اور جمعیت علماء اسلام سندھ کے امیر حضرت مولانا محمد اسعد تھانوی' مدظلہ' جامعہ بنوری ٹاؤن کے استاذ حدیث حضرت مولانا فضل محمد صاحب مدظلہ اور معروف روحانی شخصیت حضرت مولانا یحییٰ مدنی مدظلہ' جامعہ الرشید کے روح رواں استاذ حدیث حضرت مولانا مفتی محمد صاحب مدظلہ' حضرت مولانا عبداللہ کاکاخیلؒ کے فرزند مولانا عدنان کاکاخیل اور جامعہ فاروقیہ کے نائب مہتمم مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان صاحب شامل تھے۔ ان حضرات نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور دارالعلوم کی دن دگنی ترقی پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔

متاثرین سوات' بونیر' دیر کیلئے دارالعلوم کی امدادی کیمپس اور سرگرمیاں: اپنے ہی ملک میں ہجرت کرکے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور متاثرین سوات' بونیر اور دیر کی امداد کیلئے دارالعلوم حقانیہ کے زیر انتظام حضرت مولانا انوار الحق صاحب نائب مہتمم کی سرپرستی میں ضلع بھر میں مختلف مقامات پر کیمپ لگائے گئے۔ جہاں نقد عطیات کے علاوہ غذائی اجناس' کپڑے اور روزمرہ ضروریات کی دیگر اشیاء بڑے پیمانے پر جمع کی گئیں اور بعد میں امدادی اشیاء ورقوم متاثرین میں منظم طریقے سے تقسیم کی گئیں۔ اس سے قبل بھی متاثرین زلزلہ کے لئے دارالعلوم حقانیہ کے اساتذہ اور طلباء نے مل کر امدادی کاروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔

سبکان (SEBCON) کی مولانا سمیع الحق صاحب سے انٹرویو: ۹ رمئی کو سبکان کے چیف ایگزیکٹو کامران صادق نے جمہوریت کے موضوع پر مولانا سمیع الحق مدظلہ سے تفصیلی انٹرویو لیا۔ یہ انٹرویو پاکستان میں [illegible] نے اس موضوع پر سروے کیلئے کیا۔ مولانا مدظلہ نے انٹرویو میں واضح کیا کہ مغرب کا اسلامی دنیا اور اپنے لئے جمہوریت کا نقطہ نظر متضاد ہے۔ یہاں جب جمہور اور جمہوریت انکے مفادات میں آڑے آتی ہے تو اسے بے اثر کردیا جاتا ہے۔

الرحمت ٹرسٹ کے نمائندہ وفد کی دارالعلوم آمد: ۳۰ راپریل الرحمت ٹرسٹ کا ایک نمائندہ وفد مولانا عبدالرشید